# سجدۂ تلاوت میں کتنے سجدے کرنے ہیں ایک یا دو؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

سجدۂ تلاوت میں ایک سجدہ کرنا ہوتا ہے یا دو سجدے ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ایک سجدہ تلاوت میں ایک سجدہ کرنا کافی ہے، دوسرا سجدہ کرنے کی حاجت نہیں۔

سجدہ تلاوت کا طریقہ بیان کرتے ہوئے صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "سجدہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ کھڑا ہو کر اَللہُ اَکْبَرْ کہتا ہوا سجدہ میں جائے اور کم سے کم تین بار سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہے، پھر اَللہُ اَکْبَرْ کہتا ہوا کھڑا ہو جائے، پہلے پیچھے دونوں بار اَللہُ اَکْبَرْ کہنا سنت ہے اور کھڑے ہو کر سجدہ میں جانا اور سجدہ کے بعد کھڑا ہونا یہ دونوں قیام مستحب۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، صفحہ 731، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

سجدہ تلاوت سے متعلق مزید مسائل جاننے کے لئے بہار شریعت، جلد اول، صفحہ 726 تا 738 کا مطالعہ فرمالیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2177

تاریخ اجراء: 26 رجب المرجب 1446ھ / 27 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net